سوال

(721)جسم پر برص کے نشان کی وجہ سے نکاح فسخ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے ایک مرد سے نکاح کیا۔ جب ان کا تخلیہ ہوا تو اس نے مرد کے جسم پر برص کا نشان پایا۔ کیا وہ اس وجہ سے اپنا نکاح فسخ کرا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر معلوم ہو کہ زوجین میں سے ایک کو جنون، جذام یا برص کا مرض ہے تو دوسرے کو حق حاصل ہے کہ نکاح فسخ کرا لے۔ لیکن اگر معلوم ہونے کے بعد راضی رہے تو فسخ نہیں ہو سکتا۔ اور اگر عورت اپنا نکاح فسخ کراتی ہے تو اسے یہ حق نہیں ہو گا کہ اپنے حق مہر میں سے کچھ لے۔ اگر تخلیہ سے پہلے فسخ کراتی ہے تو اس کا حق مہر ساقط ہو جائے گا اور اگر تخلیہ کے بعد فسخ کراتی ہے تو ساقط نہیں ہو گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 516

محدث فتویٰ